آپ کے لئے دستیاب تعلیم اور ملازمت کے وسائل کے بارے میں مزید جانیں

یہ فلائر ان طلبہ اور نوجوانوں کے لئے تیار کیا گیا ہے جو معاونت، رہنمائی اور کارآمد وسائل تک رسائی چاہتے ہیں۔

DISCOVER DYCD

DYCD کی فنڈنگ لینے والے مفت یوتھ اور آفٹر اسکول پروگراموں، تعلیمی خدمات، رہائش کی معاونت، فیملی سپورٹ، ملازمتوں اور انٹرنشپس، کمیونٹی اور تارکین وطن کی خدمات کا تازہ ترین مجموعہ۔
https://discoverdycd.dycdconnect.nyc

کالج بورڈ اسکالرشپ

کالج کی تیاری کے کئی دیگر وسائل کے ساتھ، کالج بورڈ اسکالرشپس اور گرانٹس کا قابل تلاش مجموعہ پیش کرتا ہے۔ ضرورت پر مبنی اور میرٹ پر مبنی اختیارات کے علاوہ مفت انعامات بھی دستیاب ہیں۔
https://bigfuture.collegeboard.org/scholarship-search

NEW VISIONS کی کریئر ڈائریکٹری

New Visions طلبہ کو کم قیمت یا مفت پوسٹ سیکنڈری کریئر ٹریننگ پروگرامز، بشمول تربیت، سرٹیفیکیشنز، انٹرنشپس، سپورٹ سروسز اور ملازمت کی تلاش میں معاونت فراہم کرتا ہے۔
https://careerdirectory.newvisions.org/

طلبہ کے اختیارات کا دفتر STREET TEAM

اسکولوں اور تقریبات میں Street Team کی میزوں پر طلبہ کو رہنمائی اور تعلیمی معاونت فراہم کی جاتی ہے، اس کا مقصد مالی خواندگی، کالج کی تیاری اور تعلیم میں اضافے کے دیگر طریقوں کو فروغ دینا ہے۔
براہ کرم رابطہ کریں: Klindsay@schools.nyc.gov
https://www.studentpathways.nyc/

RISEBORO

RiseBoro ہائی اسکول کے مساوی تعلیم، بالغ افراد کی تعلیمی معاونت، رہنمائی، اور یوتھ کی کریئر سروسز کے علاوہ کم قیمت رہائش اور وکالت بھی پیش کرتا ہے۔ بنیادی طور پر نارتھ بروکلن میں پروگرام پیش کیے جاتے ہیں۔
https://riseboro.org/division/education/

YMCA

YMCA نوجوانوں کے لئے آفٹراسکول کی غیر نصابی سرگرمیوں اور تفریح کے علاوہ رہنمائی، نوعمروں کے قیادت کے پروگرامز، اور تعلیمی معاونت پیش کرتا ہے۔ مراکز پانچوں بوروز میں موجود ہیں۔
https://www.ymca.org/what-we-do/youth-development

NYS EXCELSIOR اسکالرشپ

نیویارک ریاست کی فنڈ کردہ اسکالرشپ ایسے تمام طلبہ کے لئے دستیاب ہے جن کے خاندان کی سالانہ آمدن 125,000 سے کم ہے، اسے CUNY یا SUNY میں استعمال کیا جا سکتا ہے۔ اسکالرشپ میں CUNY اور SUNY کالجوں کی ٹیوشن کی مکمل قیمت کا احاطہ کیا جاتا ہے۔
https://hesc.ny.gov/find-aid/nys-grants-scholarships/excelsior-scholarship-program

CAMBA

CAMBA تمام بوروز میں تعلیمی اور کمیونٹی مراکز کا اہتمام کرتا ہے جہاں کالج اور کریئر کی تیاری، آفٹراسکول اور سمر پروگرامز، کمیونٹی اسکولنگ، نوجوانوں کی معاونت، رہائش اور دیگر پیش کیے جاتے ہیں۔
https://camba.org/program/find/

مزید معلومات اور سوالات کے لئے براہ کرم رابطہ کریں: Erik Karhan، خصوصی آغاز کاروں کے یونٹ کے پراجیکٹ منیجر
ای میل: ekarhan@dhs.nyc.gov | **فون:** 212-361-0619

SCAN HARBOR

بالائی مینہیٹن اور برونکس میں SCAN Harbor کے کئی مقامات ہیں جہاں نوجوانوں کی تعلیم، تشدد کی روک تھام، افرادی قوت کی تیاری، LGBTQI نوجوانوں کی معاونت اور کمیونٹی سنٹر کی خدمات پیش کی جاتی ہیں۔
https://scan-harbor.org/programs/

HESC

HESC، جو بنیادی طور پر TAP اور FAFSA کے لئے مشہور ہے، گرانٹس، اسکالرشپس، قرض کی معافی، تعلیم کے ساتھ ملازمت اور بہتر ٹیوشن کے ایوارڈز پیش کرتا ہے۔ درخواست دہندگان آن لائن مدد طلب کرنے کے لئے کال شیڈول کر سکتے ہیں۔
https://www.hesc.ny.gov/

FUTUREREADY (OSP)

طلبہ کے اختیارات کے دفتر کے ذریعے چلائے جانے والے پروگرامز جن کا مقصد طلبہ کو کریئر کے ممکنہ راستے اور ٹیکنالوجی، نگہداشت صحت، کاروبار، مالیات اور تعلیم کے شعبہ جات میں اعلیٰ تعلیم دریافت کرنے میں مدد دینا ہے۔
https://www.studentpathways.nyc/

NYCPS کالج اور کریئر کی منصوبہ بندی

NYCPS مفت آن لائن کالج اور کریئر کی مشاورت پیش کرتا ہے، منگل تا جمعہ، شام 5:00 تا رات 8:00 بجے۔ وہ ایسی فیملیز کو مخصوص مشورے بھی فراہم کرتے ہیں جن کے بچے عمر کے مختلف حصوں میں ہیں اور معذور طلبہ تعلق رکھتے ہیں۔
https://www.schools.nyc.gov/learning/student-journey/college-and-career-planning

FAFSA کو سمجھنا

اسے NYCPS نے تیار کیا ہے تاکہ ان عام سوالات کے جوابات دیے جا سکیں جو STH کے کالج کی تعلیم، مالی امداد اور دیگر کے بارے میں ہو سکتے ہیں۔ اس میں FAFSA اور TAP کے بارے میں مزید جاننے اور انہیں بھرنے کے لنک بھی شامل ہیں۔
https://understandingfafsa.org/guides/

CS4All (OSP)

CS4All بھی طلبہ کے اختیارات کے دفتر کی طرف سے جاری ہے، یہ طلبہ کو کمپیوٹر سائنس کے پروگرامز اور بڑھتی ہوئی ٹیکنالوجی انڈسٹری میں آسان داخلے کے لئے لیگز اور انٹرنشپس کے ذریعے کمپیوٹیشنل خواندگی پیش کرتا ہے۔
https://sites.google.com/schools.nyc.gov/cs4allnyc/

NYCPS CAREER CONNECTED LEARNING

NYCPS کی طرف سے FRNYC, CRMYA اور CTE پروگرامز کے بارے میں تفصیلی معلومات۔ اس کا مقصد طلبہ کو معاشی استحکام اور کام سیکھنے کے حقیقی تجربات کے حصول میں مدد دینا اور کالج اور کریئرز میں ابتدائی برتری فراہم کرنا ہے۔
https://www.schools.nyc.gov/learning/student-journey/career-connected-learning

NYC KIDS RISE

NYCPS کا فنڈڈ پروگرام جو ہر طالب علم کو 100$ کا مفت NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ فراہم کرتا ہے، یہ کنڈرگارٹن سے شروع ہوتا ہے۔ اس کو تنظیموں، کاروباروں اور علاقے کے رہائشیوں کے مقامی عطیات کے تحت چلایا جاتا ہے۔
https://nyckidsrise.org/

SCHOOLHOUSE CONNECTION

یہ کالج شروع کرنے کے منتظر 20 سال سے کم عمر طلبہ کے لئے اسکالرشپ پروگرام ہے۔ اسکالرشپ میں 2500$ اور 5 سال تک ہر مہینے 100$ کا وظیفہ دیا جاتا ہے۔ وہ ٹرپس، قیادت کے مواقع، اور 1:1 معاونت کا بھی اہتمام کرتے ہیں۔
https://schoolhouseconnection.org/

SYEP EMERGING LEADERS

ان افراد کے لئے موسم گرما کی ملازمتیں جنہیں ملازمت کے حصول میں رکاوٹیں درپیش ہیں، اسے 24-14 سالہ نوجوانوں کے لئے تیار کیا گیا ہے۔ شرکاء کو موسم گرما میں ملازمتی مقامات پر تعینات کیا جاتا ہے جہاں وہ زندگی کی قیمتی مہارتیں اور کریئر کی تربیت حاصل کرتے ہیں۔
https://www.nyc.gov/site/dycd/services/jobs-internships/syep-emerging-leaders.page

I WILL GRADUATE

تعلیم میں فنون، کالج اور کریئر کی رہنمائی، سرپرستی، والدین کی شمولیت، اسکول اور کمیونٹی کی ورک شاپس اور شہر بھر میں دستیاب دیگر اقدامات کے لیے نوجوانوں کا ترقیاتی پروگرام۔
https://www.iwillgraduateprogram.com/

نیو یارک کا چائلڈ سنٹر

متبادل ہائی اسکولز، انٹرنشپس اور نوجوانوں کی دیگر ترقیاتی سرگرمیوں کے علاوہ مشاورت، ذہنی صحت اور بہبود کے مراکز پیش کرتا ہے۔ پانچوں بورو میں خدمات دستیاب ہیں۔
https://www.childcenterny.org/alternate-high-schools-and-internships

Department of Youth & Community Development | Department of Education COMPUTER SCIENCE FOR ALL | Public Schools | Public Schools Office of Student Pathways | NEW YORK STATE | SchoolHouse Connection | WILL GRADUATE | THE CHILD CENTER OF NY | NYC KIDS RISE | FAFSA Federal Student Aid | SCAN HARBOR